غیر مسلم سے اس کا گھر Heavy Deposit (گروی) پر لینا

مجیب: ابو رجا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1641

تاریخ اجراء: 24 شوال المکرم 1444ھ/15 مئی 2023ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کوئی غیر مسلم اپنی مرضی سے اپنا گھر Heavy Deposit (گروی) پر دے تو اس کا کیا حکم ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

غیر مسلم کو پیسے قرض دے کر اُس کی چیز رہن لینے اور اس سے نفع حاصل کرنے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے، مگر یہ ضروری ہے کہ اپنے قرض پر نفع لینے یا سود کی نیت نہ کرے بلکہ یہ نیت رکھے کہ کافر کی رضامندی سے اس کے مال پر قبضہ کر رہا ہوں، جو کہ جائز ہے اور اس مباح سے نفع حاصل کرتا ہوں۔

البتہ! صاحب وجاہت دیندار افراد، جن کو لوگ اپنی نا فہمی کے سبب، اس طرح کا لین دین کرنے پر سود خور مشہور کریں، ان کو اس طرح کا معاملہ کرنے سے بچنا چاہیے کہ جس طرح برے کام سے بچنا ہوتا ہے، اسی طرح برے نام سے بھی بچنا چاہیے۔

چنانچہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے اسی طرح کے سوال کے جواب میں فرمایا: ”ہندو کی حقیت رہن دخلی لینا اور اس سے منافع حاصل کرنا کوئی حرج نہیں مگر شرط یہ ہے کہ اپنے قرض پر نفع لینے یا سود کی نیت نہ کرے بلکہ یہ کہ ہندو کی رضامندی سے اس کے مال پر قبضہ جائز ہے اور اس مباح سے نفع حاصل کیا جاتا ہے، ”فانما الاعمال بالنیات وانما لکل امرء مانوی“ (بے شک عملوں کا دار و مدار نیتوں پر ہوتا ہے اور ہر شخص کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی۔) (فتاوی شریف، جلد 25، صفحہ 254، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فتاوی رضویہ میں اسی طرح کے معاملے کے حوالے سے اصل حکم بیان کرنے کے بعد فرمایا: "البتہ ان سب صورتوں میں یہ لحاظ رہے کہ ذی عزت متقی آدمی جسے جاہل عوام اپنی

نافہمی کے سبب ایسی صورتوں میں معاذاللہ سودخور مشہور کریں اسے احتراز مناسب ہے کہ جیسے برے کام سے بچنا ہے یونہی برے نام سے بچنا چاہئے۔" (فتاوی رضویہ، ج17، ص349، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net